بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

شعبہ تجنید کی اہمیت

۱۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہماری جماعت کی تعداد کتنی ہے۔

۲۔ہم ایک دوسرے سے آسانی سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

۳۔چندہ لینے میں آسانی ہوتی ہے۔

قرآن مجید

سورۃ الحجرات آیت ۱۴

۱۴۔اے لوگو! یقیناً ہم نے تمہیں نر اور مادہ سے پیدا کیا اور تمہیں قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بلاشبہ اللہ کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔ یقیناً اللہ دائمی علم رکھنے والا (اور) ہمیشہ باخبر ہے۔

حدیث

سات سو مسلمان ہو گیا تو آنخضرت ﷺ نے فرمایا مردم شماری کرو، مسکمانوں نے کہا یارسول اللہ آپ نے مردم شماری کروالی ہے اب تو ہم سات سو ہو گئے ہیں کیا آپ ڈرتے ہیں کی اب ہم تباہ ہو جائیں گے، اب ہمیں کون مار سکتا ہے

(سیر روحانی نوبت خانہ صفحہ 539)

حضرت مسیح موعودؑ

''میر عنایت علی صاحب لدھیانویؓ نے مجھ سے بیان کیا
کہ جب اللہ تعالیٰ کی طرف سے حضرت صاحبؑ کو بیعت
لینے کا حکم آیا تو سب سے پہلی دفعہ لدھیانہ میں بیعت
ہوئی۔ ایک رجسٹر بیعت کنندگان تیار کیا گیا۔
جس کی پیشانی پر لکھا گیا ''بیعت توبہ برائے حصولِ تقویٰ وطہارت''
اور نام معہ ولدیت اور سکونت لکھے جاتے تھے''۔
سیرۃ المہدی حصّہ دوم (صفحہ نمبر ۲۹۳)

یعنی حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے جماعت احمدیہ میں داخل ہونے والے لوگوں کے ناموں کا اندراج کروا کر اس شعبہ کا خود اجراء کیا تھا اور ہم حضرت مسیح موعودؑ کی پیروی میں یہ کام کرتے ہیں۔